پریس ریلیز

گوجرانوالہ یکم جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں حالیہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے حکومت نے جو پیٹرلیم مصنوعات میں کمی کی ہے اس سے بزنس کمیونٹی اور عوام کو کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ مہنگائی کی چکی میں عوام پر امید تھی کہ پیٹرلیم مصنوعات 50 سے 100 روپے تک سستا کیا جائے گا۔ جبکہ حکومت کے بعض نمائندے بھی تبصروں میں کہہ چکے تھے کہ حکومت عوام کو پیٹرولیم مصنوعات میں بڑا ریلیف دینے جارہی ہے موجودہ قیمتوں میں کمی عوام کی امنگوں کے بالکل برعکس ہے۔ اس سے عوام میں مایوسی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ حکومت بزنس کمیونٹی اور عوام پر مایوسی کے بادلوں کو ختم کرے ایسے بے شمار مزدور، فیکٹری ورکرز جو اپنی سواری موٹر سائیکلز کا استعمال کرتے تھے اب پیٹرول خریدنے کی قوت کھو چکے ہیں۔ ان کے موٹر سائیکل استعمال نہ ہونے کے باعث خراب ہو گئے ہیں ۔ لہٰذا عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت وقت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید خاطر خواہ کمی کا اعلان کرے۔ علاوہ ازیں بزنس کمیونٹی بھی بے چینی سے منتظر ہے کہ حکومت مجوزہ بجٹ میں مختلف شعبہ جات میں بزنس کمیونٹی کیلئے بڑے بڑے ریلیف کے اعلانات کریگی جس سے کاروباری مسائل کم ہونگے فیکٹریاں چلیں گے اور لوگوں کو روزگار ملے گا اور عوام خوشحال ہوگی۔